سوال

کیا محمد صلی اللہ علیہ وسلم نے اللہ سے کلام کیا؟

جواب

کیا نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے اللہ سے ڈائریکٹ کلام کیا؟ السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ بعض لوگ کہتے ہیں کہ معراج کے موقع پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے اللہ تعالیٰ نے ڈائریکٹ کلام کیا۔؟ الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ! الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد! معراج کے موقعہ پر نبی کریم کی اللہ تعالی سے گفتگو کرنا توثابت ہے، مگر وہ آمنے سامنے کی بجائے پردوں میں رہ کر کی گئی تھی۔ سیدنا ابوذر سے مروی ہے کہ میں نے رسول کریم ﷺ سے پوچھا: س ''هَلْ رَأَيْتَ رَبَّكَ؟ قَالَ: «نُورٌ أَنَّى أَرَاهُ» (صحیح مسلم: ۱۷۸) ''کیا آپ نے اپنے رب کو دیکھا ہے؟ فرمایا: (اس کا حجاب) نور ہے، میں کیسے دیکھتا؟'' ھذا ما عندی واللہ اعلم بالصواب فتوی کمیٹی محدث فتوی